## صدر آصف علی زرداری اور الطاف حسین کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ

## ایم کیوایم، پاکستان میں جمہوری نظام کومضبوط ومستحکم کرنے کیلئے اپنا کردارادا کرتی رہے گی، الطاف حسین

## ایم کیوایم،حکومت کی اتحادی جماعت ہے،صدرمملکت آصف زرداری

## الطاف حسین کی جانب سے میاں چنوں میں معصوم بچوں کی ہلاکتوں کے المناک واقعہ پراظہارافسوس

## صدرمملکت کولاہورے کے دورے کی مبارکباداوردورے کی کامیابی کیلئے دعائیں

لندن۔۔۔14،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم، پاکستان میں جمہوری نظام کومضبوط ومستحکم کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کرتی رہے گی۔ یہ بات انہوں نے بدھ کی شام صدرمملکت آصف علی زرداری سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت پسند جماعت ہے اور پاکستان میں جمہوری نظام کومضبوط ومستحکم کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کرتی رہے گی تاکہ عوام کے بنیادی مسائل حل ہوسکیں۔صدر آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم،حکومت کی اتحادی جماعت ہے اور پیپلزپارٹی اتحادی جماعتوں کے تعاون سے ملک کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے کام کرتی رہے گی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری کی توجہ میاں چنوں میں اسکول بس اورٹرین کے تصادم میں متعدد معصوم بچوں کی ہلاکتوں کے المناک واقعہ کی جانب مبذول کرائی۔انہوں نے معصوم بچوں کی ہلاکتوں کے افسوسناک واقعہ پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اورسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری کو لاہور کے دورے کی مبارکباد پیش کی اوران کے دورے کی کامیابی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ نوشکی کے رہنما جمیل احمد مینگل اور پیپلزپارٹی نوشکی کے سینئررکن داؤد بلوچ،

## نصیب اللہ جمال دینی،اقبال بڑیچ اورشریف ساسولی کی کئی ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت

## ایم کیوایم ہی ملک کے غریب عوام کی قسمت بدل سکتی ہے اوربلوچستان کے محروم عوام کوان کے حقوق دلاسکتی ہے۔جمیل احمد مینگل،داؤد بلوچ

## ہمیں منفی پروپیگنڈوں کے ذریعے ایم کیوایم سے دوررکھا گیا۔کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

## ایم کیوایم اب محروم بلوچوں سمیت ملک بھرکےغریب عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہے۔یوسف شاہوانی آرگنائزر ایم کیوایم بلوچستان

کوئٹہ۔۔۔14 جنوری2010ء

بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ نوشکی کے رہنما جمیل احمد مینگل اور پیپلزپارٹی نوشکی کے سینئررکن داؤد بلوچ،نصیب اللہ جمال دینی،اقبال بڑیچ اورشریف ساسولی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکراپنے کئی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ اس بات کا اعلان انہوں نے آج کوئٹہ پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی،صوبائی سیکریٹری نشرواشاعت انورخان ترین،ارباب عبدالغنی کانسی اورایم کیوایم نوشکی ڈسٹرکٹ کے انچارج پیربخش سالانی اورایم کیوایم کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیارکرنے والے رہنماؤں جمیل احمد مینگل اور داؤد بلوچ نے کہا کہ ہم نے اپنی اپنی جماعتوں کیلئے کئی برس کام کیا، ہرطرح کی قربانی دی لیکن ان جماعتوں نے کارکنوں کو ہمیشہ نظرانداز کیا اورانہیں اپنے سیاسی مفادات کیلئے استعمال کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں منفی پروپیگنڈوں کے ذریعے ایم کیوایم سے دوررکھا گیا لیکن اب ہم سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم ہی وہ جماعت ہے جوملک کے غریب عوام کی قسمت بدل سکتی ہے اوروہی بلوچستان کے محروم عوام کوان کے حقوق دلاسکتی ہے۔ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی نے اس موقع پر سیاسی کارکنوں کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اب بلوچستان کے غریب ومحروم بلوچ عوام سمیت ملک بھرکے غریب عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہے اوراب ایم کیوایم مخالف عناصر چاہے جتنے بھی پروپیگنڈے کرلیں اب محروم عوام کوایم کیوایم سے دورنہیں رکھا جاسکتا۔

## انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈکراس کے وفد کی نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔14جنوری2009ء

انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈکراس کے اسپیشل مشیر نے اینڈریو اسمتھ (Andrew Smith)اورآئی سی آرسی کے کراچی آفس کے انچارج پیٹرلک(Peter Lick) نے جمعرات کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیروعزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنورخالد یونس،رضاہارون،ڈاکٹرصغیراحمد حق پرست صوبائی وزیرامورنوجوان فیصل سبزواری اورصوبائی وزیرانسانی حقوق نادیہ گبول سے ملاقات کی ۔ملاقات میں وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کوانٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈکراس ( آئی سی آرسی ) کے دنیا بھر میں اپنے فلاحی کاموں کے حوالے سے آگاہ کیا۔وفد کے ارکان نے بتایا کہ آئی سی آرسی اپنے فلاحی کاموں کا دائرہ پاکستان کے دور دراز علاقوں تک پھیلانا چاہتی ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفدکوایم کیوایم کی جانب سے مکمل حمایت کا یقین دلایا۔حق پرست صوبائی وزراء نے وفد کے ارکان کوایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا خصوصاً8اکتوبر2005ءآزادکشمیرسمیت پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں آنے والے ہولناک زلزلے کے بعد متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن،کے کے ایف کے رضا کار،ایم کیوایم کے ذمہ دارانہ وکارکنان نے زلزلے کے متاثرین کی بحالی کے کاموں میں جوخدمات انجام دی اس کے حوالے سے آگاہ کیا۔اس کے علاوہ ملک وبیرون ملک میں قدرتی آفات، سیلاب،خشک سالی دیگرقدرتی آفات کے موقع پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات سے وفد کے ارکان کوآگاہ کیا۔

## تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے وفد نے حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب اور علماء کمیٹی سے ایم کیوایم کے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کی

کراچی۔۔۔14،جنوری2010ء

تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے وفد نے جمعرات کے روزخورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیراوقاف عبدالحسیب اورعلماء کمیٹی کے انچارج جاویداحمد واراکین سے ملاقات کی۔وفد کی سربراہی ڈپٹی ناظم الاموتحریک نفاذ فقہ جعفریہ سندھ عمار یاسرعلوی نے کی وفد کے اراکین میں سبطِ حسن،ایس ایم نقی،علامہ شہزادنقوی، سید بدرعلی،علامہ ظفرعباس،ملک مظہرعباس اورثقلین کوثر شامل تھے۔صوبائی وزیراوقاف عبدالحسیب اورعلماء کمیٹی کے انچارج جاویداحمد سے ملاقات کے دوران وفد کے ارکان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ میں اہم کردارادا کیا۔وفد کے ارکان نے کہا کہ سانحہ عاشورہ پر ہونے والی سازش کوناکام بنانے میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اہم کردارادا کیا۔علمائے کرام نے الطاف حسین کی جانب سے سانحہ عاشورہ کے شہداء کے لواحقین اورزخمیوں سے ہمدردی ودلجوئی اورتاجروں کے نقصانات کے ازالے کی کوشش کوسراہا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات نے فرقہ وارانہ فسادات کا خاتمہ کردیا۔علمائے کرام نے سانحہ عاشورہ میں بم دھماکہ کے شہداء کی مغفرت انکے درجات کی بلندی اورزخمیوں کی جلدصحب یابی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## ملک بھر میں ریلوے کراسنگ پر شہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے،رابطہ کمیٹی
## وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کی جانب سے میاں چنوں میں ریلوے کراسنگ پر پھاٹک لگانے کی ہدایت کا خیرمقدم

کراچی۔۔۔14،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر میں ریلوے کراسنگ پر شہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز میاں چنوں میں ریلوے کراسنگ پر پھاٹک نہ ہونے کے باعث ٹرین اوراسکول وین کے تصادم کا المناک واقعہ رونماہوا جس میں متعدد معصوم بچے جاں بحق ہوئے اورکئی مائیں اپنے لخت جگر سے محروم ہوگئیں۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کی جانب سے میاں چنوں میں ریلوے کراسنگ پر پھاٹک لگانے کی ہدایت کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ اورمعصوم شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں،ملک بھر میں ریلوے کراسنگ کے تمام مقامات کا سروے کرایا جائے اور جہاں جہاں ریلوے کراسنگ پر پھاٹک نہیں ہیں وہاں ہنگامی بنیادوں پر پھاٹک لگائے جائیں۔

## معروف کالم نگار عبدالقادر حسن کی اہلیہ کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف کالم نگار عبدالقادر حسن کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ عبدالقادر حسن سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

## گذری کے رہائشی میر دادخان اور قصبہ علی گڑھ کے رہائشی عمران نامی شخص سے ایم کیوایم کا اظہار لاتعلقی

## دونوں افراد علاقے میں سنگین جرائم کی وارداتوں میں ملوث ہیں اور خودکو کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہے ہیں

## عوام وکارکنان ایسے افراد کی اطلاع نائن زیرو پر دیں جو ایم کیوایم کو بدنام کررہے ہیں، رابطہ کمیٹی کی وضاحت

کراچی۔۔۔14، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں ڈیفنس کلفٹن کے علاقے گذری کے رہائشی میر دادخان ولد شیر بہادر خان اور قصبہ علی گڑھ کے علاقے داتا نگر کے رہائشی عمران ولد رفیع نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ مذکورہ دونوں افراد جرائم پیشہ ہیں جن کا ایم کیوایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ۔ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گذری کے رہائشی میر دادخان ولد شیر بہادر خان اور قصبہ علی گڑھ داتا نگر کے رہائشی عمران ولد رفیع جرائم پیشہ ہیں جو علاقے میں خودکو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہے ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھیں اور جو بدنام زمانہ لوگ علاقے میں خودکو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہے ہیں ان کی اطلاع فوری طور پر نائن زیرو پر دیں ۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔14، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی A-3 کے کارکن ستار کے صاحبزادے راحیل، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے رکن آصف خانزادہ کے ماموں عبدالقادر، ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکنان منور، الطاف اور دلاور کے تایا محمد اقبال، ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کمیٹی کے رکن اکرام الدین اختر کے والد حاجی اسلام الدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے ۔ (آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی کے بھائی عامر حسین کاظمی کا فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔12، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی مرحوم کا فاتحہ سوئم جمعرات کو بعد نماز ظہر مصطفیٰ مسجد پاک کوثر ٹاؤن میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی ۔فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری ، کنور خالد یونس، سید شاکر علی، حق پرست وزراء عبدالحسیب، شیخ محمد افضل، رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد، ملیر ٹاؤن کے ناظم ندیم راضی، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحوم سید عامر حسین کاظمی کی مغفرت، ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔

## ایم کیوایم ملک کو پروگریسو ملک بنا کر تمام پاکستانیوں کیلئے بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدے مسلک، انصاف، میرٹ اور مساوات کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے، رابطہ کمیٹی کی راولپنڈی میں پریس کانفرنس

راولپنڈی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد تحریک ہے جو ملک اور اس کے عوام کو فرسودہ ظالمانہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام سے نجات دلانے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں پرامن جدوجہد کررہی ہے تاکہ ملک کو پروگریسو ملک بنا کر تمام پاکستانیوں کیلئے بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدے، مسلک، انصاف، میرٹ اور مساوات کا نظام قائم کیا جائے اور اس کے علاوہ تمام صوبوں کو ان کے جائز حقوق دیے جائیں اور ملک کے 98 فیصد عوام کو اس ظالمانہ نظام سے نجات دلا کر پاکستان سے کرپٹ گلے سڑے فرسودہ موروثی سیاسی نظام کا خاتمہ کیا جاسکے اور پاکستان کو بچایا جاسکے، جس کی قیادت وکارکنان 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہوں متحدہ قومی موومنٹ نے پاکستان کی تاریخ میں میرٹ کی بنیاد پر نمائندے منتخب کرا کے اسمبلیوں میں بھیجے۔ ان خیالات اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین چوہدری، ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی ساجد احمد اور دیگر ذمہ داران نے راولپنڈی پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے 98 فیصد عوام کو یہ بتانا ضروری تھا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو جس طرح ملک کے دیگر حصوں کی طرح پنجاب میں بھی پذیرائی مل رہی ہے تو پنجاب کے عوام کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی نے پنجاب میں باقاعدہ تنظیم نو کا ایک سلسلہ شروع کیا تھا، پنجاب میں بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کو مدنظر رکھ کر صوبہ پنجاب کے چار زونوں پر مشتمل تنظیمی طور پر متحدہ کا اسٹرکچر تشکیل دیا گیا ہے، اس میں لوئر پنجاب زون جس کا آفس ملتان میں ہے، اس کے ذمہ داران کا اعلان کیا جاچکا ہے دوسرا زون سینٹرل زون پنجاب ہے جس کے زون کا آفس گوجرانوالہ میں ہوگا اس زون کے ذمہ داران کا علان بھی کیا جاچکا ہے تیسرا زون اپر پنجاب میں ہے جس کا زون آفس راولپنڈی میں ہے اور اس کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان گزشتہ روز کردیا گیا۔ راولپنڈی زون کی 16 رکنی زونل آرگنائزنگ کمیٹی ہے جس کے انچارج زاہد ملک ہیں اس کمیٹی میں تین جوائنٹ انچارجز میں منصور بن مختار، اقرار شاہ اور فہیم الحق ہیں جبکہ کیپٹین (ر) رحیم شاہ بخاری ، سید ساجد اقبال، گل اخلاق ایڈووکیٹ، مصباح الاسلام ایڈووکیٹ، احمد نواز، متین خان، عابد خان، نوید اختر خان، امجد لودھی، ضیاء الحق کیانی ایڈووکیٹ اور سیدہ فرحانہ شیراز باجی ،نگہت اسٹفین باجی ممبران ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپر پنجاب کے زونل آفس کیلئے مری روڈ پر جگہ تلاش کی جارہی ہے اور جگہ کی تلاش تک یہ زونل آفس عارضی طور پر اسلام سیکریٹریٹ زونل آفس میں ہوگا۔ راولپنڈی زون میں اسلام آباد، اٹک، جہلم، چکوال، منڈی بہاؤالدین، خوشاب، میانوالی اور بھکر کے اضلاع شامل ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا ایم کیوایم کا ایک تنظیمی سیٹ اپ ہے جس کے تحت زونل کمیٹی اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین پر مشتمل اراکین ملکر راولپنڈی زون کے تمام اضلاع میں جاکر کارکنوں کے انٹرویو کے بعد وہاں ضلعی سطح پر کمیٹیاں بنائیں گے اور پنجاب کے تنظیم نو کا کام مکمل ہوجانے کے بعد تمام اضلاع میں ممبر سازی مہم شروع کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ چوتھے نمبر لاہور زون ہے لاہور زون کے ذمہ داران کا اعلان 10 جنوری 2010 کو عظیم الشان جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے صحافیوں سے کہا کہ وہ راولپنڈی اسلام آباد میں قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور پیغام حق پرستی کو پھیلانے میں اہم کردار ادا کرتے رہیں گے اور ایم کیوایم بھی صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی رہنمائی میں صحافتی تنظیموں کے ساتھ مل کر مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہیں گے۔

☆☆☆☆☆